© rasailojaraid.com

تبصرے

السیر الحثیث فی تاریخ تدوین الحدیث (عربی) از ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی کلکتہ یونیورسٹی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۵۵ صفحات ٹائپ باریک کاغذ بہتر۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ: دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن۔

ڈاکٹر محمد زبیر صاحب کئی سال سے انگریزی زبان میں تاریخ تدوین حدیث مرتب کر رہے ہیں۔ زیر تبصرہ مقالہ اُس کا ہی ایک باب ہے جو آپ نے ۱۹۳۸ء میں دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن کے جلسہ میں بزبان اُردو پڑھا تھا۔ اب آپ نے علمائِ مصر و ہندوستان کے مطالعہ کی غرض سے اس باب کو عربی کا جامہ پہنا کر شائع کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب صرف کیمبرج یونیورسٹی کے پی ایچ ڈی ہی نہیں ہیں، بلکہ اُنھوں نے ہندوستان کی بعض عربی درسگاہوں میں درس نظامی کی تکمیل بھی کی ہے اور وہ عربی اور انگریزی دونوں کے لائق تعظیم فاضل ہیں۔ پھر مطالعہ وسیع، ذوق دینی خداداد، اور علمی کاوش و جستجو فطری ہے۔ اس بنا پر یہ مقالہ باعتبار تحقیق و استنباطِ نتائج نہایت قابل قدر ہے۔ اس مقالہ میں پانچ عنوانوں پر گفتگو ہے (۱) حدیث کی کتابت اور اُس کی تدوین و تعلیم (۲) حدیث کا وضع و اختراع (۳) حدیث کی تنقید و تحقیق (۴) درس حدیث اور خواتین (۵) اسناد علم حدیث میں اور اُس کی تکمیل، فاضل مؤلف نے ہر عنوان کے ماتحت نہایت جامع اور محققانہ بحث کی ہے۔ پھر عربی زبان بھی توقع سے کہیں زیادہ عمدہ ہے۔

جو لوگ حدیث کے منکر ہیں اُن کے لیے یہ مقالہ مثبتین حدیث کی طرف سے حجت قاطع اور برہان ساطع ہے۔ ان لوگوں کے علاوہ علمائِ حدیث کو بھی اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔ اس میں اُنھیں بعض ایسی باتیں ملینگی جن سے وہ حدیث کا درس دینے کے باوجود اب تک بیخبر ہونگے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ ڈاکٹر صدیقی کی یہ پوری کتاب جلد طبع ہو کر منظر عام پر آجائے۔ حق یہ ہے کہ اس زمانہ میں یہ کتاب اسلام کی ایک

© rasailojaraid.com